
تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ کا ترجمان

ماہنامہ
جلد نمبر:10
شمارہ:03

انٹرنیٹ گزٹ
مارچ 2020ء

# المنار

زیر نگرانی: شعبہ اشاعت-تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن-یو.کے



**Taleem-Ul-Islam College Old Students Association - UK**
181, London Road, Mordan, SM4 5HF, London.
Ph. 020 8877 5510, 7886304637 - Fax: 020 8877 9987
ticosauk2017@gmail.com - www.alminaruk.com

## قال اللہ تعالیٰ

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن انسانوں کیلئے ایک عظیم ہدایت کے طور پر اُتارا گیا اور ایسے کھلے نشانات کے طور پر جن میں ہدایت کی تفصیل اور حق و باطل میں فرق کر دینے والے امور ہیں۔ پس جو بھی تم میں سے اس مہینے کو دیکھے تو اس کے روزے رکھے۔ اور جو مریض ہو یا سفر پر ہو تو گنتی پوری کرنا، دوسرے ایام میں ہوگا۔ (سورة البقرة :186)



## قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ:

آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب تم جنت کے باغوں میں سے گزرو تو خوب چرو۔ صحابہؓ نے عرض کیا حضور ریاض الجنة سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا مجالسِ علمی، یعنی ان مجالس میں بیٹھ کر زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرو۔

(الطبرانی) (صحیح بخاری کتاب الادب۔ باب قول اللہ اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین)



## ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

”ان باتوں سے روزہ کی حقیقت ظاہر ہے کہ جب انسان اپنے نفس پر تسلّط پیدا کر لیتا ہے کہ گھر میں اس کی ضرورت اور استعمال کی چیزیں موجود ہیں اگر اپنے مولا کی رضا کے لئے وہ حسب تقاضائے نفس ان کو استعمال نہیں کرتا تو جو اشیاء اس کو میسّر نہیں ان کی طرف نفس کو کیوں راغب ہونے دے گا۔ رمضان شریف کے مہینہ کی بڑی بھاری تعلیم یہ ہے کہ کیسی ہی شدید ضرورتیں کیوں نہ ہوں مگر خدا کا ماننے والا خدا ہی کی رضامندی کے لئے ان سب پر پانی پھیر دیتا ہے۔“


(الحکم 24 جنوری 1904 صفحہ 12)



## ارشاد حضرت اقدس خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

”اگر تم رمضان کے مہینہ میں لاپرواہی سے کام لو گے اور روزے کو کچھ اہمیت نہیں دو گے یا اگر روزے رکھ لو گے کہ گھر میں سب رکھ رہے ہیں شرم میں رکھ لو اور نمازوں میں سستی کر جاؤ قرآن کریم پڑھنے میں سستی کر جاؤ قرآن کریم بھی رمضان میں ہر ایک کو کم از کم ایک دور مکمل کرنا چاہئے تو یہ روزے تمہارے خدا کی خاطر نہیں ہوں گے اگر یہ سستی ہوتی رہی، یہ تو دنیا دکھاوے کے روزے ہیں۔“

(خطبات مسرور جلد اوّل صفحہ 417)



”پس دعاؤں کی قبولیت اور اپنی دنیا و عاقبت سنوارنے کے لئے سوائے اس کے اور کوئی راستہ نہیں کہ خدا تعالیٰ کے احکامات پر عمل کیا جائے اور اس کے نمونے ہمیں آنحضرت ﷺ کے اسوہ میں ہی ملیں گے۔“

(الفضل 18 اگست 2010)



# تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈینٹس ایسوسی ایشن برطانیہ و جرمنی کے درمیان ایک دلچسپ باسکٹ بال میچ






یہ دلچسپ باسکٹ بال مقابلہ یوکے بمقابلہ جرمنی مورخہ 13 مارچ 2020 طاہر ہال بیت الفتوح میں منعقد ہوا۔ جرمنی سے ٹیم محترم غفور احمد ڈوگر صاحب صدر تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈینٹس ایسوسی ایشن جرمنی کی سربراہی میں یوکے پہنچی۔ محترم رانا عرفان شہزاد سیکریٹری سپورٹس اور عاملہ کے ممبران نے ٹیم کا والہانہ استقبال کیا۔ باسکٹ بال کا یہ دلچسپ مقابلہ یوکے نے چار پوائنٹس سے جیت لیا۔ مکرم مبارک صدیقی صاحب صدر تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن یوکے نے انعامات تقسیم کئے۔ اعجاز رسول صاحب آف جرمنی کو باسکٹ بال لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا گیا۔

اسی روز بعد نماز عشاء ''عظیم درسگاہ کی پیاری یادیں'' کے موضوع پر ایک دلچسپ نشست منعقد ہوئی۔ ہفتہ کے روز ٹیم کے اراکین کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت ملی۔

ہفتہ کی شام جرمنی سے آئی ہوئی معزز ٹیم کو لندن کے ایک معروف ریسٹورینٹ میں ڈنر پیش کیا گیا۔ اتوار کے روز باسکٹ بال کی ٹیم کی ایک نشست مکرم و محترم امام عطاء المجیب راشد صاحب کے ساتھ منعقد ہوئی جس میں محترم امام صاحب نے حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے، بعض ازاں ڈنر پیش کیا گیا۔

اسی روز بعد نماز عشاء ایک ادبی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر ایسوسی ایشن کے صدر محترم مبارک صدیقی صاحب نے جرمنی سے آنے والی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی درخواست کی کہ اللہ تعالیٰ ایسوسی ایشن کے تمام ممبران کو حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں مستحق طلبا کی مالی مدد اور خدمت انسانیت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(رپورٹ مرتبہ: شعبہ اشاعت)










JAKO
Oldboys T.I.Collage
Frankfurt 2019


15
10
8











# مختصر خبریں

۞ اگر آپ اپنا ممبر شپ چندہ یا سکول کی تعمیر کے لئے کچھ عطیہ دینا چاہتے ہیں تو ہمارے سیکریٹری فنانس مکرم منان اظہر صاحب سے رابطہ کریں۔ انکا فون نمبر ہے 07886381033

۞۞

۞ اگر آپکو ہمارے پروگراموں کی اطلاع نہیں ملتی تو ہمارے جنرل سیکریٹری رانا عبدالرزاق خان صاحب سے رابطہ کریں۔ فون نمبر 07886304637

۞۞

۞ ممبران اپنے عطیہ جات آن لائن بھی ادا کر سکتے ہیں

Nat West TICOSA UK

Sort Code 602009

Account 35109920

ازراہ کرم ادائیگی کر کے خاکسار کو ضرور اطلاع کر دیں۔

مبارک صدیقی 40663407951

۞۞

۞ کیا آپکو علم ہے کہ آپکی مدد سے ساوٹومے میں سکول بن گیا ہے۔ اور برکینا فاسو میں کالج زیرِ تعمیر ہے۔ اب ہم نائجر میں 50 ہزار پاونڈ کی لاگت سے ایک جدید کلینک تعمیر کروائیں گے۔ اپنی اور اپنے والدین کی طرف سے اس کارِ خیر میں حصہ لیں۔

۞۞

## درخواست دعا

۞ ہماری ایسوسی ایشن کے ایک ممبر مکرم بشارت اللہ خان صاحب تشویشناک حد تک بیمار ہیں۔ ڈاکٹروں نے مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں معجزانہ رنگ میں صحتیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

۞۞

۞ ہماری ایسوسی ایشن کے دو ممبران مکرم ناصر جاوید خان صاحب اور مکرم عطا القادر طاہر صاحب لندن کے مشہور ہسپتال سینٹ جارجز کے بورڈ آف گورنرز کے ممبر منتخب ہوئے ہیں۔ یہ اعزازی شعبہ ہے اور اسکے لئے انتخابات ہوتے ہیں۔

۞۞

۞ TICOSA GERMANY کے 9 ممبران مؤرخہ 13 مارچ کو لندن پہنچے۔ بروز جمعہ طاہر ہال بیت الفتوح میں TICOSA GERMANY اور TICOSA UK کے مابین دوستانہ باسکٹ بال میچ ہوا۔

۞۞

۞ ہماری ایسوسی ایشن کے چند ممبران کو ماہ فروری میں عمرہ کرنے کی سعادت ملی ہے۔

۞۞

۞ یکم مارچ کو محترم رافع احمد صاحب کے گھر میں، محترم داؤد احمد ناصر صاحب آف جرمنی کے ساتھ ایک شام کا اہتمام کیا گیا جس میں محترم داؤد احمد ناصر صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا منظوم کلام ترنم سے پیش کیا۔

۞۞

۞ ماہ فروری کے اختتام میں محترم مبارک صدیقی صاحب صدر ایسوسی ایشن کے گھر واقع اپسم میں مجلس عاملہ و نائبین کی میٹنگ ہوئی۔ جسکے بعد ڈنر پیش کیا گیا۔ حاضری 23 رہی۔

۞۞

۞ سینیگال میں جماعت کے سکول کے لئے استعمال شدہ لیپ ٹاپ کی تحریک کی گئی۔ 20 ممبران نے اس نیک مقصد کے لئے لیپ ٹاپ بطور عطیہ دیئے۔ جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

۞۞